سوال

(66) قبروں کے سالانہ میلے حنفیہ کی رو سے جائزہ یں یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قبروں کے سالانہ میلے یعنی عرس قوالی روشنی تیجا دسواں بیسواں چالیسواں۔ سہ ماہی نوماہی اور برسی وغیرہ مذہب حنفیہ کی رو سے جائزہ یں یا نہیں۔ (عبد الرئوف از مرتضیٰ پور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اصل حنفی مذہب اور اہل حدیث مذہب بلکہ جملہ مذاہب اہل سنت ایسے مسائل میں متفق ہیں کہ یہ رسوم ناجائز ہیں۔ حضرت شاہ اسحاق صاحب مرحوم کا رسالہ مائۃ مسائل ملاحظہ ہو مگر رسمی مذہب جو آجکل حنفی مذہب بنایا اور بتایا جاتا ہے۔ اس کے زمہ دار یہ لوگ خود ہیں۔ حضرات آئمہ کرام کو اس مذہب کی کوئی خبر نہیں۔ اس لئے کتب فقہ میں ان رسوم کی بابت کوئی حکم نہیں ملتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 62

محدث فتویٰ